ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA

مقابلہ دینیات کا مقصد نئی نسل کو اسلام سے روشناس کرانا ہے

پرائمری تا ڈگری کالج کے ساتھ ساتھ اساتذہ حصہ لیں گے اور اسلامی کوئز کا مقابلہ بھی ہوگا: ڈاکٹر ظہیر قاضی

ممبئی: (ایس این بی) مشہور تعلیمی، سماجی اور ثقافتی ادارے انجمن اسلام کے زیراہتمام ساتویں مقابلہ دینیات کے شرکاء میں اس عرصے میں زبردست اضافہ ہوا ہے، جو کہ اطمینان بخش ہے۔ اس کا اظہار انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی نے کرتے ہوئے کہا کہ مقابلہ دینیات کا مقصد عصری تعلیم کے ساتھ نوجوانوں کو دینی تعلیمات سے روشناس کرانا ہے۔ موجودہ حالات میں مذہب سے دوری کے سبب مسلمان مسائل سے دوچار ہیں۔ مقابلہ دینیات 8، 9 اور 10 دسمبر کو منعقد ہوگا۔ افتتاحی اجلاس میں نائب سعودی قونصل جنرل فہد ابدالی، مولانا خالد اشرف اور ڈاکٹر عرفان فقیہ بطور مہمانان خصوصی ہوں گے، جبکہ جلسہ انعامات میں مولانا ابوظفر حسن ندوی چیف گیسٹ کے طور پر شریک ہوں گے۔ مقابلہ دینیات میں پرائمری، اپر پرائمری سے لے کر ڈگری تک طلباء کے ساتھ ساتھ اساتذہ کو بھی شامل کیا گیا ہے، جو کہ اردو اور انگریزی میں اپنی تقریر اور تحریر پیش کریں گے۔ جبکہ اسلامی کوئز کے مقابلہ اساتذہ اور ڈگری کے طلباء کے دو گروپ میں ہی ہوں گے۔ مقابلہ دینیات کا افتتاحی جلسہ بعد نماز جمعہ دو پہر تین بجے انجمن اسلام کی کریمی لائبریری میں ہوگا اور سنیچر کی صبح 10 بجے سے جنوبی ممبئی میں انجمن اسلام کیمپس میں مختلف شعبوں کے کلاس روم میں منعقد کیے جائیں گے اور ججوں کا تعلق شہر کے علمی اور ادبی میدانوں سے ہے، جبکہ نظامت کے فرائض انجمن اسلام کے اساتذہ انجام دیں گے۔ ڈاکٹر ظہیر قاضی نے کہا کہ مضمون نویسی، تقریر اور کوئز مقابلوں میں مہاراشٹر کے شرکاء کی اکثریت ہوگی، لیکن ملک بھر سے شرکاء تشریف لا رہے ہیں، اتوار کو صبح 10 بجے انجمن اسلام کے وسیع الانا ملٹی پرپز ہال میں تقسیم انعامات کا جلسہ ہوگا۔